بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# عالم کورس، سال سوم، آٹھواں سمسٹر ACM-22

## پیپر: التسہیل الضروری — کل نمبر: 100

نام: .................................. رول نمبر: ..................... شہر اور ملک: ........................................

**سوال 1: درج ذیل عبارات کا اردو ترجمہ کرکے مختصر تشریح کریں۔ (صرف پانچ) 6x5=30**

[1]: البيع؛ هو مبادلة المال بالمال بتراضي العاقدين.

[2]: السؤال: لو باع بوزن حجر بعينه لا يعرف مقداره ما حكمه؟

الجواب: هذا جائز.

[3]: مدة الخيار ثلاثة أيام فما دونها، ولا يجوز أكثر من ذلك عند أبي حنيفة رحمه الله، وقال أبو يوسف ومحمد رحمهما الله: يجوز ثلاثة أيام فصاعدا إذا سمى صاحب الخيار مدة معلومة ورضي به صاحبه.

[4]: السؤال: مات المشتري، وكان له خيار الرؤية، ما حكم الخيار بعد موته؟

الجواب: تم البيع وبطل الخيار، ولا ينتقل إلى ورثته۔

[5]: إن كان المشتري لم ير العيب عند البيع ولا عند القبض ولم يبينه البائع، فهو بالخيار إن شاء أخذه بجميع الثمن وإن شاء رده۔

[6]: السؤال: هل يجوز بيع الكلب والفهد والسباع؟

الجواب: نعم، يجوز.

نوٹ: مذکورہ سوال کا جو جزء حل کریں اس کی عربی عبارت نہ لکھیں بلکہ صرف ترجمہ اور تشریح کریں۔

**سوال 2: صحیح جوابات پر "✓" اور غلط پر "✗" کا نشان لگائیے۔ (صرف دس) 10x3=30**

:1 ایک شخص نے کھاد کی بوری ادھار لی اور مدت مقرر کرتے ہوئے کہا: "جب فصلیں کٹیں گی تو اس کی قیمت ادا کروں گا۔" تو یہ بیع فاسد ہے

:2 قیمت خرید پر کچھ نفع لے کر چیز کو آگے فروخت کرنا "بیع تولیہ" کہلاتا ہے اور قیمت خرید پر ہی بغیر نفع لیے چیز آگے فروخت کرنا "بیع مرابحہ" کہلاتا ہے۔

:3 جمعہ کی پہلی اذان کے بعد خرید و فروخت کرنا مکروہ ہے۔

:4 منقولی چیزوں (مثلاً گھڑی، موبائل، موٹر سائیکل) میں قبضہ کرنے سے پہلے مبیع کو آگے فروخت کرنا جائز ہے۔

:5 ربا (سود) کی دو قسمیں ہیں: ۱: ربا البیع ۲: ربا القرض

:6 بیع کا معاملہ مکمل ہونے کے بعد بائع کے لیے "مبیع" میں اور مشتری کے لیے "ثمن" میں اضافہ کرنا جائز ہے۔

:7 اگر کسی شخص نے دوسرے کو ایک لاکھ روپے ایک مہینہ کی مدت تک کے لیے قرض دیے تو اسے یہ حق حاصل ہے کہ وہ مہینہ مکمل ہونے سے پہلے وہ قرض واپس لے لے لیکن اگر کسی کو کوئی چیز ادھار فروخت کی اور اس کی قیمت کی ادائیگی کی مدت ایک مہینہ مقرر ہوئی تو بائع ایک مہینہ سے پہلے مشتری سے اس چیز کی قیمت کا تقاضا نہیں کر سکتا۔

:8 بیع کو ختم کر کے بائع کو اس کی چیز اور مشتری کو اس کی رقم واپس کی جائے تو اسے "اِقالہ" کہتے ہیں۔

:9 بَیْعُ مَنْ یَزِیْدُ (بولی کی بیع) جائز نہیں کیونکہ اس میں مشتری دوسرے کے معاہدے پر اپنا معاہدہ لاگو کرنا چاہتا ہے جو کہ درست نہیں۔

:10 کافروں کے ہاں شراب اور خنزیر کی خرید و فروخت کا وہی حکم ہے جو مسلمانوں کے ہاں جوس اور بکری کی خرید فروخت کا حکم ہے۔

:11 راجح قول کے مطابق ریشم کے کیڑوں کی بیع ریشم کے ساتھ اور بغیر ریشم کے دونوں طرح درست ہے۔

:12 بیع فاسد کے ذریعے کمائے گئے نفع کو صدقہ کرنا واجب ہے۔

## سوال 3: خالی جگہ پر کریں۔ (صرف دس) 10x2=20

:1 ایک آدمی نے کھجور کا درخت بیچا جس پر کھجور لگی ہوئی ہے۔ تو اس کا پھل ..............کو ملے گا۔

:2 ایک شخص نے زمین بیچی جس میں کوئی درخت لگا ہوا ہے۔ بیع مکمل ہو جانے کے بعد یہ درخت ..............کو ملے گا۔

:3 خیارِ شرط کی مدت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ..............دن ہے۔

:4 خرید و فروخت میں "عیب" سے مراد وہ کمی ہے جس کی وجہ سے مبیع کی قیمت ..............کے ہاں کم ہو جاتی ہے۔

:5 بیع کی صحت اور فساد کے اعتبار سے چار قسمیں ہیں: بیع صحیح، بیع باطل، بیع ..............اور بیع ..............۔

:6 انسانی بالوں کی بیع، خنزیر کے بالوں کی بیع، ہوا میں اڑتے ہوئے پرندے کی بیع ..............کہلاتی ہے۔

:7 ادھار خرید و فروخت میں اگر ادھار کی مدت کا تعین نہ کیا جائے تو یہ بیع ..............ہو جاتی ہے۔

:8 بولی کی بیع کے جائز ہونے کی دلیل وہ حدیث مبارک ہے جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے .............. اور ..............بیچا تھا۔

:9 اگر کسی نے خریدی ہوئی چیز پر کچھ خرچہ کیا اور اسے بیع مرابحہ کے طور پر بیچنا چاہتا ہے تو وہ یوں نہ کہے کہ "میں نے یہ چیز اتنے میں خریدی ہے" بلکہ یوں کہے کہ یہ چیز مجھے ..............ہے۔

:10 ..............کی بیع قبضہ کرنے سے پہلے بھی جائز ہے کیونکہ یہ غیر منقولی چیز ہے۔

:11 "ربا" کا لغت میں معنی ..............ہے۔

:12 حدیث مبارک میں ذکر کی گئی چھ چیزوں کی بنیاد پر احناف کا موقف یہ ہے کہ اگر بیع کے عوضین میں دو صفات .............. اور ..............پائی جائے تو کمی بیشی اور ادھار حرام ہوتا ہے۔

سوال 4: درج ذیل عنوانات پر مختصر نوٹ لکھیں۔ (صرف چار) 4x5=20

1: خیارِ رؤیت

2: بیع فاسد

3: اقالہ کا متعاقدین کے حق میں "فسخِ بیع" اور تیسرے شخص کے حق میں "بیع جدید" ہونا

4: رباالقرض اور رباالبیع میں فرق

5: بیع صرف

نوٹ: یہ پیپر حل کر کے مفتی شبیر احمد حنفی کو درج ذیل نمبر پر واٹس ایپ کر دیں:

+923015255387

توجہ! حل شدہ پرچہ صرف PDF کی صورت میں جمع کروا سکتے ہیں۔

[سکین کرتے وقت یا تصاویر بناتے وقت خیال رکھیں کہ تصویر واضح اور صاف ہو اور اس پر آپ کا نام اور رول نمبر لکھا ہو]

نوٹ: PDF کو درج ذیل طریقے سے Rename کر کے بھیجیں:

سب سے پہلے اپنا رول نمبر <space> اپنا نام <space> پیپر کا نام۔ مثلاً

A2- 045 Abdullah Fiqh